مُدیر کے قلم سے

تعارف و تبصرہ

مسند ابی داؤد الطیالسیؒ

مصنف : امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد الطیالسیؒ المتوفی سنہ ۲۰۴ھ
ناشر : مکتبہ حسینیہ ــــ قدانی روڈ ــــ گرجاکھ ــــ گوجرانوالہ

کتابت و طباعت عمدہ، صفحات ۴۵۶ مضبوط جلد قیمت ۱۵۰ روپے

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات و فرمودات کو محفوظ کر کے آئندہ نسلوں تک پہنچانے کے لیے جن عظیم محدثین نے شب و روز کی محنت و مشقت کے ساتھ احادیث کا ذخیرہ جمع کیا اور ان کی چھان پھٹک کر کے صحیح، ضعیف اور موضوع روایات کے فرق کو روزِ روشن کی طرح اُمت پر واضح کر دیا۔ ان میں امام ابوداؤد الطیالسیؒ کا اسمِ گرامی بہت نمایاں ہے۔ اور ان کے مرتب کردہ ذخیرہ احادیث کو "مسند ابی داؤد الطیالسیؒ" کے نام سے علمی حلقوں میں مستند مقام و حیثیت حاصل ہے: مسند الطیالسیؒ عرصہ ہوا حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی تھی۔ پھر اس کے بعد برصغیر کے کسی ادارہ کو اس کی اشاعت کی طرف توجہ نہ ہوئی۔ مکتبہ حسینیہ گوجرانوالہ کے مالک مولانا محمد شرف تشکر و تبریک کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اسی نسخہ کو خوبصورت عکسی طباعت، معیاری کاغذ اور مضبوط جلد کے ساتھ ایک بار پھر علمی حلقوں کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین یا الٰہ العالمین

حجۃ الاسلام

تالیف : مولانا محمد قاسم نانوتوی
تعریب : مولانا صوفی عبدالحمید سواتی
ناشر : ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ
صفحات ــــ ۸۰ قیمت ــــ ۹ روپے

شاہجہان پور کے قریب ایک بستی میں "میلہ خُداشناسی" کے نام سے مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے ایک مشترکہ اجتماع میں حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ